


# TAHRIK~E~JADID

## A DIVINE CALL TO SACRIFICE

AHMADIYYA
MUSLIM COMMUNITY
*United States of America*

# ہر سال اپنی قربانی میں اضافہ کریں

"اورہر قربانی کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ انسان کو آئندہ اس سے بڑھ کر قربانی کرنے کی توفیق عطا کی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ مومن کے قربانی اس بیج کی طرح ہوتی ہے، جو کہ پھولتا پھلتا اور بار بار پھل لاتا ہے۔ اگر ایک شخص اخلاص کے ساتھ تحریک جدید میں حصہ لیتا ہے اور اللہ تعالیٰ اسے قبول کر لیتا ہے تو اس کا نتیجہ یہ ہونا چاہیے کہ آئندہ سال اسے پہلے کی نسبت زیادہ قربانی کرنے کی توفیق ملے۔ میں سمجھتا ہوں کہ خدا تعالیٰ اپنے فضل سے ہمارے نصف سے زیادہ دوستوں کو پہلے کی نسبت زیادہ قربانی کرنے کی توفیق دے رہا ہے۔ اور جن کو قربانی میں بڑھنے کی توفیق نہیں ملی، ان کو اللہ تعالیٰ سے دعا کرنی چاہیے اور اپنے اندر تبدیلی پیدا کرنی چاہیے اور اللہ تعالیٰ کی طرف زیادہ جھکنا چاہیے تاکہ اللہ تعالیٰ ان کی سستیوں اور کمزوریوں کو دور کرے اور قربانیوں میں قدم آگے بڑھانے کی توفیق عطا فرمائے"۔ (حضرت مصلح موعودؓ، خطبہ جمعہ فرمودہ، ۱۷ جنوری ۱۹۴۷)

# Increase Every Year

“The result of every sacrifice is that a person is granted the ability to make even greater sacrifices in the future. Allah the Almighty states in the Holy Qur’an that the sacrifice of a believer is like a seed that grows, flourishes, and yields fruit again and again.

If a person participates in Tahrik-e-Jadid with **ikhlas** (sincerity) and Allah accepts their sacrifice, then it should lead to an increase in sacrifice in the following year.

I believe that, by His grace, Allah has enabled more than 50% of members to increase in their sacrifices. As for those who have not yet progressed, they should turn to Allah in prayer, strive to bring about a change within themselves, and incline more towards Him, so that their weaknesses may be removed, and they may be granted the ability to advance in their sacrifices."

(Hazrat Musleh Maud[RA], Friday Sermon, Jan 17th 1947)

# ہر سال اپنی قربانی میں اضافہ کریں

"پس ہر احمدی اپنی جدوجہد کو بڑھا دے اور ہر جگہ کے دوست تبلیغ پر خاص زور دیں۔ عام چندوں میں بھی اور تحریک جدید کے چندوں میں بھی زیادتی کریں تا کام میں روک نہ پیدا ہو اور ترقی کی طرف جلد قدم اٹھایا جا سکے۔"

(حضرت مصلح موعودؓ، خطبہ جمعہ فرمودہ ,۱ جنوری ۱۹۴۳)

# Increase Every Year

"Every Ahmadi should increase his efforts, and the members in every place should place special emphasis on **tabligh** (preaching). They should also increase their contributions in the regular chandas as well as in the **Tahrik-e-Jadid** chanda, so that no obstacle arises in the work and steps toward progress may be taken swiftly."

(Hazrat Musleh Maud[RA], Friday Sermon, January 1st 1943)

# ہر سال اپنی قربانی میں اضافہ کریں

"پھر جس طرح یہ نہیں ہو سکتا کہ پانچ ،چھ سال کے بچے کا لباس آٹھ، نو سال کی عمر کے بچے کو پورا آ سکے، اسی طرح یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ تمہارے پچھلے سال کا چندہ اگلے سال کے لیے کافی ہو ۔جب تک تم پہلے سے زیادہ قربانی نہیں کروگے۔ جب تک تم اپنے چندے کو پہلے سالوں سے زیادہ نہیں بڑھاؤ گے، جب تک تم چندے دینے والوں کی تعداد ہر سال بڑھاتے نہیں جاؤ گے، تمہارا لباس تمہارے جسم پر بےجوڑ معلوم ہوگا۔ اگر کوئی لمبا شخص کسی چھوٹے بچے کا لباس پہننا چاہے تو اول تو وہ پہنتے پہنتے پھٹ جائے گا اور اگر وہ کسی طرح اس کو پہن ہی لے تو صرف ناف تک یا اس کے اوپر تک آئے گا، باقی جسم ننگا رہ جائے گا، اسی طرح تمہارے ساتھ ہوگا۔ اگر تمہاری شہرت کے مقابلے میں تمہارا کام اور تمہارا چندہ کم ہو تو سب دیکھنے والوں کو تمہارا یہ عیب نظر آئے گا- تمہارا کام آج ہر قوم کے سامنے ہے- جس طرح ایک کرتا قد کے برابر نہ ہو تو وہ ہر شخص کو برا نظر آتا ہے، اسی طرح اگر تمہاری قربانی اور تمہارے چندے تمہارے کام کی نسبت سے تھوڑے ہوں گے تو تمہارا یہ عیب ہر شخص کو نظر آئے گا-"

(خطبہ جمعہ فرمودہ، ۳ دسمبر ۱۹۵۴ ، تحریک جدید ایک الٰہی تحریک، جلد سوم، صفحہ ۴۳۴)

# Increase Every Year

“Just as the clothes of a five-year-old cannot fit an eight-year-old, last year's offerings will never be enough for the next year. Until you increase your sacrifice beyond what you gave before, until you grow your contributions beyond previous years, and until you expand the number of people who contribute each year, your garment will never truly fit you.

If a tall person tries to wear the clothes of a small child, then in the first place the garment will likely tear while being put on. And even if he somehow manages to wear it, it will only reach up to his waist or slightly above it, leaving the rest of his body exposed. The same applies to you. If, in comparison to the greatness of your mission, your work and your financial contributions are inadequate, then this deficiency will become apparent to all who observe you.

Your work stands before the eyes of the whole world. Just as a shirt that is not proportionate to a person's height appears unsuitable and unattractive to everyone, similarly, if your sacrifices and contributions are small in relation to the magnitude of your work, this shortcoming will be visible to everyone.”

(Friday Sermon, December 3rd 1954. Tahrik-e-Jadid Aik Ilahi Tarik, Vol 3, Page 434)

# ہر سال اپنی قربانی میں اضافہ کریں

"پس میں جماعت کے احباب کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کریں اور زیادہ سے زیادہ وعدے لکھائیں اور پھر انہیں جلد پورا کریں۔ اسی طرح نئے نئے لوگوں کو تحریک کر کے اس تحریک میں شامل کریں۔ تمہارا چندہ ہر سال پہلے سے زیادہ ہونا چاہیے، کیونکہ تمہارا کام ہر سال بڑھے گا۔ جیسے پانچ، چھ سال کے لڑکے کا لباس بڑی عمر والے آدمی کو پورا نہیں آتا، اسی طرح تمہاری اس سال کی قربانی اگلے سال کام نہیں آ سکتی۔ اللہ تعالیٰ تمہیں بڑھا رہا ہے، جس طرح ایک بچہ بڑھتا جاتا ہے اور اس کے اختیار میں نہیں ہوتا کہ وہ بڑھنے کو روک سکے، اسی طرح تم پر بھی وہ دور آیا ہوا ہے"۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ، ۳ دسمبر ۱۹۵۴ ،تحریک جدید ایک الٰہی تحریک، جلد سوم، صفحہ ۴۳۹)

# Increase Every Year

"Therefore, I draw the attention of the Jama'at members to the fact that they should realize their responsibilities, make as great pledges as possible, and then fulfill them promptly. In the same way, they should continue to motivate and encourage new people to join this blessed scheme.

Your contribution should be greater every year than it was the year before, because your work and responsibilities will continue to increase each year. Just as the clothes of a five- or six-year-old child cannot properly fit a grown man, similarly the sacrifice you make this year cannot remain sufficient for the following year.

Allah the Almighty is causing you to grow and progress. Just as a child keeps growing and it is not within his power to stop that growth, in the same way a responsibility has been placed upon you, and you must continue advancing in proportion to it."

(Friday Sermon, December 3rd 1954, Tahrik-e-Jadid Aik Ilahi Tahrik, Vol 3, Page 439)